میاں محمد یاسین خان وٹو: اس مسئلہ پر ہم اس وقت بڑے مشکل فیصلہ سے دو چار ہیں۔ جیسا کہ جناب والا! آپ کے علم میں ہے کہ ایک دفعہ سارے پرائیویٹ سکولوں کو نیشنلائز کر لیا گیا تھا جس سے پرائیویٹ سیکٹر بے حد متاثر ہوا۔ جس کی وجہ سے پرائیویٹ سیکٹر تعلیم کے میدان میں آنے سے بڑی ہچکچاہٹ محسوس کر رہا تھا جیسے کہ معزز ایوان اس چیز سے آگاہ ہے کہ تعلیم کے میدان میں اخراجات اتنے زیادہ ہیں لیکن دوسری طرف ضرورت بھی بہت زیادہ ہے اور اس میں پرائیویٹ سیکٹر کا آنا بھی ضروری ہے۔ اس لئے ہم فوری طور پر اس بات پر تو غور کر رہے ہیں کہ اس وقت فیسوں کو اس انتہا تک نہیں پہنچنا چاہئے کہ یہ ادارے بالکل کمرشل بن جائیں۔ لیکن دوسری طرف ہمارے سامنے دوسری مشکل بات یہ ہے کہ اگر اس پر زیادہ پابندیاں لگائی جائیں تو پھر پرائیویٹ سیکٹر اس طرف آنے میں ہچکچاہٹ محسوس کرے گا بہر حال یہ مسئلہ مسلسل زیر غور ہے انشاء اللہ ہم کوشش کریں گے کہ فیصلہ ملک کے بہترین مفاد میں کیا جائے۔

مونالا کوثر نیازی: کیا محترم وزیر صاحب اس بات سے اتفاق کریں گے کہ ان اعلیٰ سکولوں میں امراء کے بچے ہی تعلیم پا سکتے ہیں اور غریب بچے ان کے قریب بھی پھٹکنے سے قاصر ہیں۔

میاں محمد یاسین خان وٹو: ایک حد تک میں ان سے اختلاف نہیں کر سکتا۔ کیونکہ ظاہر ہے کہ زیادہ فیسیں امیر لوگ ہی دے سکتے ہیں؟

جناب چیئرمین: اگلا سوال مولانا سمیع الحق صاحب۔

## APPOINTMENT OF DIRECTOR, SURGERY, PAKISTAN ARMY

22. ***Maulana Samiul Haq:** Will the Minister Incharge of Defence Division be pleased to state:

(a) whether it is a fact that Dr. General Mahmood-ul-Hassan of the C.M.H., Rawalpindi has been appointed as the Director, Surgery, Pak. Army;

(b) whether it is also a fact that further two years extension has been given to him; and

(c) the reasons for this appointment and that of further extension?

**Shabzada Yaqub Khan** (Answered by Mr. Zain Noorani): (a) Lt. General Mahmood-ul-Hassan was appointed Director of Surgery Pakistan Army on 21st July, 1982 and continues to hold this appointment.

(b) Yes. He has been granted two years extension in service with effect from 17th July, 1985 to 16th July, 1987.

(c) Lt. General Mahmood-ul-Hassan being the senior most and a very competent Surgeon in Pakistan Army was appointed as Director of Surgery. Extension in service was granted to the officer in view of his qualifications, experience and outstanding performance in the field of Surgery in Pakistan Army.

مونالا سمیع الحق : کیاوزیر صاحب یہ فرمائیں گے کہ واقعی ان سے زیادہ ماہر سرجن تعلیم اور تجربہ کے لحاظ سے پاکستان میں اور کوئی نہیں ہے۔ اگر ان سے بھی کوئی ماہر سرجن موجود ہے تو کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ اس کی حق تلفی کی جارہی ہے؟

جناب زین نورانی : پاکستان آرمی میں محسوس کیا گیا کہ ان سے بڑھ کر کوئی ماہر سرجن اور موجود نہیں ہے اس لئے انہیں extension دی گئی ہے۔

مونالا سمیع الحق : کیا یہ حقیقت ہے کہ محمود الحسن صاحب کا تعلق قادیانی فرقے سے ہے جس کی وجہ سے ان کو مسلط کیا ہوا ہے۔ یہ صاحب کیا قادیانی ہیں یا نہیں ہے مجھے صرف اتنا جواب دے دیں؟

جناب زین نورانی : یہ سوال اگر دوبارہ پوچھیں تو میں اس کا جواب دے سکتا ہوں۔

مونالا سمیع الحق : جناب والا! ان کو اتنی معلومات حاصل ہونی چاہئے تھیں ان کو اتنا بڑا ڈائریکٹر بنایا ہے پوری آرمی آپ نے اس کے حوالے کر دی ہے۔

جناب چیئرمین : دوبارہ نوٹس دے دیں۔

جناب زین نورانی : جناب والا! میں کوئی appointing authority نہیں ہوں اس لئے میرے پاس بائیوڈیٹا کا ہونا ضروری نہیں ہے۔

جناب چیئرمین : جی میرداد خیل صاحب؟ آپ ضمنی سوال پوچھیں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : کیا وزیر محترم بیان فرمائیں گے کہ جب آپ کسی جرنیل کو کسی اہم پوسٹ پر تعینات کرتے ہیں تو اس کے لئے انٹرویو کا کیا معیار ہونا چاہے۔ جب آپ نے انٹرویو لیا تھا تو اس وقت کم از کم آپ کو معلوم ہونا چاہے تھا کہ وہ کیا ہیں۔ کیا آپ نے اس وقت ان کا انٹرویو نہیں لیا تھا؟

جناب چیئرمین : موزونیت کے اصول جناب وٹو صاحب نے پہلے بیان فرمائے تھے۔ اور یہی اصول وہاں پر اپلائی ہوتے ہیں جناب سعید قادر صاحب' آپ سوال پوچھنا چاہتے تھے؟

**Lt. Gen. (Retd) Saeed Qadir :** When I was a General, I was given an extension and may I ask the Foreign Minister and I hope this General does not take over .....*(interruption)*.

**Mr. Chairman:** The question is not understood.

**Lt. Gen. (Retd) Saeed Qadir :** Sir, my request was that General is always given an extension here Sir, when he takes over the resign of the Army Sir, and therefore, this General is also being given two years extension.

**Mr. Chairman:** Not a General in the medical service.

جناب چیئرمین : (مولانا سمیع الحق صاحب سے مخاطب ہو کر) میرے خیال میں آپ کا سوال یہ ہے کو وہ قادیانی ہے یا نہیں ہے' اس کے متعلق' آپ نوٹس دے دیں۔

مولانا سمیع الحق : میری گزارش ہے کہ ہمارے پاس بھی ایک جنرل " لیفٹیننٹ جنرل سعید قادر " ہیں ان کو کسی اہم پوسٹ پر لگا دیا جائے کیا یہ ممکن ہے میں ان کے لئے پرزور سفارش کرتا ہوں کہ ان کو کسی اہم پوسٹ پر لگا دیا جائے اور ہماری جان ان سے چھڑا دی جائے۔

جناب چیئرمین : آپ سفارش کرتے ہیں شکریہ۔ وقفہ سوالات ختم،

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : اب تو جرنیلوں کو ہٹادیا جانا چاہیئے کیونکہ ہم اب جمہوریت کی طرف آگئے ہیں۔

جناب چیئرمین : جب تک آپ کی فوجیں ہیں اس وقت جرنیل رہیں گے اور یہ ایک ضروری حصہ ہیں اور یہ بہت مفید کام کر رہے ہیں۔

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** There is an adjournment motion of mine pertaining to the Minister for Finance. It could be taken up. There has been a car accident of my wife I would like to go.

جناب شاد محمد خان : پوائنٹ آف آرڈر، جناب چیئرمین! آج اخبارات میں پڑھا کہ مولانا کوثر نیازی کی قرارداد متفقہ طور منظور ہوئی ہے حالانکہ یہ میری ترمیم کے ساتھ منظور ہوئی تھی۔ اس کی اخبارات کو وضاحت کرنی چاہیئے دوسری بات یہ ہے ----- (مداخلت)

جناب چیئرمین۔ جو اخبار میں نے پڑھا ہے اس میں آپ کا نام اور وہ ترمیم بھی درج ہے کہ اس ترمیم کے ساتھ مولانا کوثر نیازی کا ریزولیوشن متفقہ طور پر منظور ہو گیا ہے۔

جناب شاد محمد خان۔ میں آپ کی توجہ سرخی کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ اگر کسی اخبار نے غلط رپورٹنگ کی ہے تو میری ان سے درخواست ہے کہ اس کی اصلاح کرلی جائے۔

جناب شاد محمد خان : دوسری بڑی بات جناب والا یہ ہے کہ کل آپ کے حکم کے تحت وہ ریمارکس حذف ہوئے لیکن کیفے ٹیریا میں بیٹھے ہوئے میرے بزرگوں نے اس ایوان کو کفر سے منسوب کیا ہے لہٰذا یہ بڑی زیادتی ہوئی ہے یہ سب مسلمان ہیں اور بہتر صلاحیت رکھنے والے مسلمان ہیں لہٰذا اس ایوان کو ایوانِ کفر کہنا یہ سب لوگوں سے زیادتی ہے اس لئے ان کو یہ الفاظ واپس لینے چاہئیں میں اتنی سی عرض ہے۔

جناب چیئرمین : وہ حذف ہو گئے ہیں۔ میرے خیال میں اب دوبارہ کل کے واقعہ کو دہرانا نہیں چاہیے

جناب شاد محمد خان : میں جناب کیفے ٹیریا کی بات کے متعلق کہہ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: کیفے ٹیریا سے میرا کوئی تعلق نہیں ہے یا جو گھروں میں باتیں ہوتی ہیں ان سے بھی میرا کوئی تعلق نہیں ہے۔

مولانا سمیع الحق: اگر یہ بات بڑھ جائے تو میں دارالکفر کی بجائے ترمیم کر کے ایک دوسرا لفظ استعمال کر لوں " ترمیم کر سکتا ہوں اس لفظ میں؟"

جناب چیئرمین: آپ تشریف رکھیں۔ رخصت کی درخواستیں'

Leave of Absence

جناب چیئرمین: جناب امیر حیدر قریشی صاحب' رکن نے اپنی گھریلو مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۲۹ اور ۳۰ جنوری تک رخصت طلب کی ہے' کیا آپ یہ رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب اعجاز احمد نے ناگذیر وجوہات کی بنا پر ایوان سے ۲۷ جنوری تا ۶ر فروری ۱۹۸۶ء رخصت کی درخواست کی ہے کیا آپ یہ رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

**Mr. Chairman:** There is a privilege motion which was postponed, that is in the name of Mr. Faridullah Khan.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Sir, my wife has met with an accident near Bahawalpur, so, may I leave Sir?

**Mr. Chairman:** I think so, because if the Minister is not here, you can go.

تو یہ میرے خیال میں ملتوی کرنا پڑے گا۔ جب وہ وزیر صاحب تشریف رکھیں اس وقت اس کو لے لیں گئے۔

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Any date after Ist of February.

**Mr. Chairman:** Alright we will consult you. Adjournment Motions.

یہ تحریک التواء جو عبدالرحیم میرداد خیل صاحب کے نام پر ہے جو کہ مائع گیس پلانٹ کے متعلق ہے، میرداد خیل صاحب آپ پڑھ دیجئے۔

## ADJ: MOTION RE: SHIFTING OF LIQUID GAS PLANT FROM QUETTA TO SIND

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: بسم اللہ الرحمان الرحیم، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ روزنامہ "مشرق" کوئٹہ ۶ نومبر ۱۹۸۵ء میں یہ خبر نمایاں طور پر شائع ہوئی ہے کہ کوئٹہ کے مائع گیس پلانٹ کو سندھ منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ بلوچستان کے عوامی حلقوں نے پلانٹ کی منتقلی پر شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے کیوں کہ اس سلسلے میں لوگ ایک سہولت سے محروم ہو جائیں گے انہوں نے گورنر بلوچستان اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ مائع گیس پلانٹ کو سندھ منتقل نہ کیا جائے۔

**Mr. Chairman:** Anybody from the Government, opposing it or not?

**Mr. Saleem Saifullah Khan:** I would like to oppose it Sir, on behalf of the Government.

**Mr. Chairman:** But are you in a position to reply? Actually, this concerns the Minister for Petroleum.

**Mr. Saleem Saifullah Khan:** If it could not be deferred Sir, because the Minister is not here.

**Mr. Chairman:** But this is one of my difficulties and the difficulty of the House. Either we have a leader of the House, I don't know, who is the leader of House for the current session or...*(interruption)*.

**Mr. Saleem Saifullah Khan:** May be Sir, he is under the impression that ...*(interruption)*.

**Mr. Chairman:** But it shows there is no leader of the House. Somebody should organise the business on behalf of the Government. The Ministers are expected to be here in the House to reply.

جناب سلیم سیف اللہ خان: شاید وہ ساڑھے گیارہ کے بعد آجائیں۔ شاید ان کا خیال ہو کہ وقفہ سوالات دیر سے ختم ہو گا۔

**Mr. Chairman:** No, this is no excuse, question hour can be finished earlier.

**Mr. Chairman:** No, this is no excuse, Question Hour can be finished earlier.

**Mr. Chairman:** It will have to be postponed but my request to the Government is, and this is my expectation, that Ministers should be present to be in a position to answer, otherwise the Government case would go by default.

میاں محمد یاسین خان وٹو: جناب والا، انشاء اللہ آئندہ ایسا نہیں ہو گا۔ ہم اس کا انتظام کر دیں گے۔

جناب چیئرمین شکریہ۔ تو اس کو ملتوی کرتے ہیں جب وہ وزیر صاحب موجود ہوں تو لے لیں گے اگلی تحریک التواء مولانا کوثر نیازی صاحب کے نام پر ہے۔ یہ نمبر ۹ ہے جو ۲ جنوری کی ہے۔ یہ اسرائیلی گڈز کے متعلق ہے لیکن اس کے بھی وزیر متعلقہ نہیں ہیں۔ یہ وزارت خزانہ سے متعلق ہے اور وزیر خزانہ صاحب موجود نہیں ہیں۔

مولانا کوثر نیازی: جناب یہ وزیر تجارت سے بھی متعلق ہے۔

جناب چیئرمین: لیکن زیادہ تر چونکہ امپورٹ، ایکسپورٹ کا قصہ ہے اور سمگلنگ کا ہے اس کا فنانس کے ساتھ تعلق ہے۔ اگلی تحریک التواء مولانا سمیع الحق کے نام پر ہے جو کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان تجارتی معاہدے کے متعلق ہے۔

مولانا کوثر نیازی: جناب! یہ بھی وزیر خزانہ صاحب سے متعلق ہے کیوں کہ آپ جانتے ہیں ڈاکٹر محبوب الحق صاحب ہی وہ معاہدہ طے کر کے آئے ہیں وہی اس پوزیشن میں ہوں گے کہ جواب دیں۔ وزیر تجارت تو اس معاہدے میں تھے ہی نہیں۔

ADJ. MOTION RE: TRADE AGREEMENT WITH INDIA

مولانا سمیع الحق: جناب چیئرمین صاحب! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ سینٹ کا حالیہ اجلاس ملتوی کر کے قومی اور ملی نوعیت کے حالیہ واقعہ کو زیر غور لایا جائے۔

پاکستان اور بھارت کے درمیان حال ہی میں ہونے والے تجارتی مذاکرات بنتیجتاً تجارتی معاہدہ کے سلسلہ میں مختلف قسم کے بیانات سامنے آرہے ہیں اس کے منفی اور مثبت پہلو چونکہ پورے طور پر واضح نہیں ہوسکے اس لئے لوگوں میں اس سلسلہ میں تشویش پائی جاتی ہے۔ ازراہ کرم اس مسئلہ پر ایوان میں بحث کی جائے تاکہ صورتحال واضح شکل میں سامنے آکر اطمینان کا باعث بن سکے۔

جناب چیئرمین: کیا اس تحریک التواء کی مخالفت کی جارہی ہے؟

جناب سلیم سیف اللہ خان: جناب والا میں اس تحریک التواء کی مخالفت کرتا ہوں۔

مولانا سمیع الحق: جناب محترم یہ تو ایک حالیہ واقعہ ہے' قومی نوعیت کا ہے اس کے اثرات بہت دور رس ہیں۔ کچھ ذمہ دار لوگوں نے یہاں تک کہا ہے کہ اگر یہ معاہدہ برقرار رہا اور یہ سلسلہ جاری رہا تو ہمیں اپنے کپڑوں تک سے محروم ہونا پڑے گا۔ اب بعض اخبارات اور رسائل میں بھی ان خدشات کا اظہار کیا گیا ہے اور اب تک جو خبریں آئی ہیں اس سے یہ اندازہ لگتا ہے کہ ان کی مصنوعات تو یہاں آیا کریں گی لیکن وہ یہاں سے صرف خام مال لے لیا کریں گے اور خام مال کو وہ اپنے کارخانوں میں مصنوعات کی شکل دے کر پھر دوبارہ ہمارے پاس بھیجا کریں گے یا دوسرے ممالک میں جہاں ہمارا مال جاتا تھا ان پر انڈیا کا ٹریڈ مارک لگا ہوگا' نیک نامی ان کی ہوگی اور ہمارے حصے میں صرف بدنامی آئے گی یا وہاں کی جو مصنوعات یہاں آئیں گی تو بچے بچے کے ذہن میں آئے گا کہ بھارت بڑی ترقی کر چکا ہے مصنوعات تو ہمارے پاس آئیں گی اور خام مال ان کے پاس جائے گا اور وہاں پر ان کی مہر لگ کر دنیا بھر میں تقسیم ہوگا اور ہمارے ذمہ خسارہ اور بدنامی ہی آئے گی۔

بہرحال اس بارے میں صورتحال واضح ہونی چاہیئے۔ یہ کوئی ایسا مسئلہ نہیں ہے کہ قوم سے تعلق نہ رکھتا ہو یا فوری نوعیت کا نہ ہو اس تحریک کے جو تقاضے ہیں وہ بالکل پورے ہوتے ہیں ازراہ کرم اس قومی اور فوری نوعیت کے معاملے کو اس طرح نہ ٹالا جائے اور اس کے بارے میں

[Mr. Saleem Saifullah Khan]

اگر وہ کوئی تسلی بخش بیان دے دیں اور وضاحت فرمائیں تو ہمارا کوئی جھگڑا نہیں ہے اگر وہ اطمینان دلا سکیں تو ہم اس پر زور نہیں دیں گے ہمیں بھی اور قوم کو بھی اطمینان ہو جائے گا۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا! میں ایک وضاحت چاہتا ہوں۔ کہ جب یہ تجارتی معاہدہ ہو رہا تھا تو وزیر تجارت کے ذریعے سے ہونا چاہئے تھا وزیر خزانہ کیوں اس کے اندر شامل ہو گئے تھے اور وہ اس کی تفصیلات طے کرنے کیوں بیٹھ گئے تھے کیا اس کی کوئی وضاحت ہو جائے گی؟

جناب سلیم سیف اللہ خان : جناب والا! فاضل رکن نے جو تحریک التواء پیش کی ہے میں پہلے اس کے متعلق کچھ عرض کروں گا بلکہ میں مولانا صاحب کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ اسلامی معلومات کے علاوہ انہیں تجارتی معلومات بھی کافی حاصل ہیں۔ جناب والا! جہاں تک اس مسئلے کا تعلق ہے میں تکنیکی بنیادوں پر یہ نہیں کہوں گا کہ جی اس رول کے تحت اس کو ایڈمٹ نہیں کرنا چاہئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کے متعلق اخبارات میں، پچھلے چھ ماہ میں کافی وضاحت بھی کی گئی ہے۔ بعض وزراء کی جانب سے حکومت کے اور ترجمانوں کی جانب سے وضاحت کی گئی ہے اور میں بھی اس ایوان میں اگلے چند منٹ میں آپ کی اجازت سے اس کے متعلق کچھ عرض کروں گا۔ یقیناً یہ تجارت کا ایک اہم مسئلہ ہے اور جہاں تک یہ کہنا کہ کوئی معاہدہ اب ہوا ہے ایک غلط تاثر ہے جس کو میں دور کرنا چاہتا ہوں۔ اس وقت جو ہماری تجارت ان کے ساتھ ہو رہی ہے۔ (بھارت کے ساتھ) وہ اس ایگریمنٹ کے تحت ہو رہی ہے جس پر نومبر ۱۹۷۴ میں دستخط کئے گئے تھے، جس میں یہ کہا گیا تھا کہ ہندوستان کے ساتھ تجارت سٹیٹ ٹو سٹیٹ لیول پر کی جائے گی اور اس میں نجی شعبے کو یہ اختیار نہیں ہو گا کہ وہ انڈیا کے ساتھ براہ راست تجارت کرے۔ اس کے بعد جناب والا! آپ کو بھی علم ہے اور شاید اس ایوان میں اکثر ممبران کو بھی علم ہو گا کہ ۱۹۷۵ میں جا کر کوئی ڈیڑھ سال کے لئے حکومت نے یہ اجازت دی تھی کہ تجارت کو نجی شعبے کے حوالے کیا جائے۔ تجارت کی گئی وہ بالکل اوپن کی گئی۔ اس کے بعد کی صورت حال بھی سب کے سامنے ہے۔ ہندوستان سے کافی مصنوعات آنی شروع ہو گئیں اور جو بیلنس آف ٹریڈ تھا وہ کافی انڈیا کے حق میں ہو گیا۔ یہی وجہ تھی کہ ۱۹۷۸ میں دوبارہ یہ فیصلہ کیا گیا، کہ تجارت پھر سٹیٹ ٹو سٹیٹ لیول پر آجانی چاہئے۔

جناب والا! اس وقت بھی جو صورت حال ہے وہ یہی ہے کہ ہندوستان کے ساتھ جن اشیاء کی تجارت ہو رہی ہے وہ صرف ۴۲ اشیاء ہیں جن کی اجازت دی گئی ہے کہ وہ ہندوستان سے امپورٹ کی جا سکتی ہیں لیکن وہ بھی ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان کے ذریعے سے کی جا سکتی ہے۔ آئی ٹی سی میں کل اشیاء کی جو لسٹ ہے جو پاکستان میں باہر سے منگوائی جاتی ہیں وہ بھی چار ہزار سے زائد ہیں اور صرف ۴۲ کی اجازت دی گئی ہے کہ وہ ہندوستان سے درآمد کی جا سکتی ہے ابھی حال ہی میں جو چند میٹنگیں ہوئیں اور وزیر خزانہ ہندوستان سے تشریف لائے۔ ان سے ابھی کوئی معاہدہ نہیں ہوا' یہ پاکستان کی طرف سے پیش رفت ہوئی ہے۔ ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے اور حکومت نے ۴۲ اشیاء کی اجازت دی ہے جنہیں اب بجائے ٹریڈنگ کارپوریشن کے براہ راست نجی شعبہ انڈیا سے درآمد کر سکتا ہے۔ ہندوستان کا ہمیشہ یہ نظریہ اور پوائنٹ آف ویو رہا ہے کہ آپ بارڈر کو بالکل اوپن کر دیں اور جو ٹریڈ کے عالمی اصول ہیں ان کے تحت آپ اس کو کھول دیجئے۔ اس وقت تک ہندوستان کی جانب سے کوئی اس قسم کی لسٹ نہیں ہے کہ پاکستان ان اشیاء کی امپورٹ کر سکتا ہے بلکہ ہم جو کچھ بھی چاہیں برآمد کر سکتے ہیں۔ لیکن ان کو ہم نے ایک لسٹ دے دی ہے جو ۴۲ اشیاء کی ہے اور وہ ایسی اشیاء ہیں جو اس ملک میں اکثر و بیشتر نہیں بنتیں ہمارا یہ خیال ہے کہ اگر یہ ۴۲ اشیاء براہ راست ہندوستان سے آنی شروع ہو جائیں۔ تو اس سے ہماری ملکی صنعت کو یا ہماری معیشت کو کوئی زیادہ نقصان نہیں پہنچے گا بلکہ شاید ہمیں فائدہ پہنچے۔ اس وقت میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں اور زیادہ تفصیل میں جانا نہیں چاہتا کہ اس وقت کوئی معاہدہ نہیں ہوا' صرف ان کو یہ انڈرسٹینڈنگ دی گئی ہے یہ ۴۲ اشیاء اب براہ راست پرائیویٹ سیکٹر کے ذریعے بھی درآمد کی جا سکتی ہیں۔

جہاں تک تجارت کا تعلق ہے۔ ہندوستان کو ہم نے بڑی وضاحت سے یہ بتایا ہے کہ ہم صرف انہیں اشیاء کی اجازت دیں گے جو اس وقت ہمارے ملک میں ہماری صنعتیں پیدا نہیں کر رہی ہیں۔ اور یہ بھی ان کو بڑی وضاحت سے بتایا گیا ہے جو بھی ان کے ساتھ معاہدہ ہو گا وہ بیلنس آف ٹریڈ کے اصول پر ہو گا۔ یہ نہیں ہے کہ وہاں سے کروڑوں روپے کا سامان یہاں آنا شروع ہو جائے اور یہاں سے کچھ بھی نہ جائے۔ میں اس ایوان کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ انشاء اللہ اس قسم کا کوئی معاہدہ ہم نے کیا ہے اور نہ کریں گے جس سے ہماری ملکی صنعت کو یا ہماری ملکی معیشت کو کسی قسم کا نقصان پہنچے۔

جناب چیئرمین : ان واقعات کے پیش نظر جو آپ نے ارشاد فرمائے کیا آپ یہ مناسب نہیں سمجھیں گے کہ اسی ہاؤس میں اس ایڈجرنمنٹ موشن کے ذریعے سے اس پر مکمل بحث ہو جائے۔

جناب سلیم سیف اللہ خان : جناب والا! اگر آپ چاہتے ہیں تو - - - - - (مداخلت)

جناب چیئرمین : رولز کو دیکھتے ہوئے یہ ایک انڈرسٹینڈنگ ہو چکی ہے۔

Agreement has not been reached in the technical sense, but at present, there is an understanding of an urgent public importance and of a recent occurrence of a specific matter.

ایک انڈرسٹیڈنگ ہے جو کہ حال ہی میں ہوئی ہے۔ ارجنٹ پبلک امپارٹینس بھی ہے اور ایک recent occurrence کا سپیسیفک میٹر بھی ہے تو اس لحاظ سے اگر ہاؤس اس کو اجازت دیتا ہے تو میرے خیال میں

This is a motion which can be held in order provided the House agrees to give leave to Maulana Samiul Haq to discuss it.

جناب سلیم سیف اللہ خان : ہم حکومت کی جانب سے بالکل تیار ہیں۔ جیسے آپ فیصلہ کریں۔

قاضی عبداللطیف : پوائنٹ آف آرڈر' جناب والا! میری وضاحت کا جواب محترم وزیر صاحب نے عنایت نہیں فرمایا۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں اگر یہ پوری بحث کے لے منظور کیا جاتا ہے تو وہ پوائنٹ بھی اسی میں آجائے گا۔

جناب سلیم سیف اللہ خان : جناب قاضی صاحب نے کچھ فرمایا تھا چونکہ یہ تجارت کا مسئلہ ہے تو یہ معاہدہ تجارت کے دو وزراء کے درمیان ہونا چاہئے تھا۔ اس میں میں یہ عرض کرونگا اس میں صرف تجارت ہی نہیں ہے بلکہ اس میں بیشمار چیزیں شامل ہیں اس لئے دونوں ملکوں کے وزراء خزانہ نے اس کمیٹی میں اپنے اپنے ملکوں کی نمائندگی کی کیونکہ اس میں مواصلات بھی ہے۔ اس میں صنعت بھی ہے اس میں تجارت بھی ہے۔ اس میں شپنگ بھی ہے اور کافی items ہیں اس لئے ان دونوں نے ایگریمنٹ کیا۔

**Mr. Chairman:** I consider the motion to be in order, and I put it to the House whether Maulana Samiul Haq, the mover of the motion, has leave to move this motion for discussion in the House?

میرے خیال میں اردو میں بتادوں، مولانا سمیع الحق صاحب کو یہی گلہ ہوتا ہے۔ جہاں تک اس تحریک التواء کا تعلق ہے رولز کے مطابق - - - - - - - - - (مداخلت)

مولانا سمیع الحق: پوائنٹ آف آرڈر، ضمنی بات صرف یہ ہے، آپ نے فرمایا ہے کہ ان کو گلہ ہوتا ہے میں عرض کرتا ہوں۔

کی میرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ،
ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

بات اگر آپ نے اردو میں کی ہوتی تو - - - - - - (مداخلت)

جناب چیئرمین: اب بھی دیر آید، درست آید

The question is whether the Member has the leave of the House to move the motion?

*(the motion was carried)*

**Mr. Chairman:** So, the motion is admitted, and time would be fixed for its discussion subject to the convenience of the Minister concerned, and also of the Finance Minister. So, one motion having been admitted, I think, the rest of the motions stand postponed or deferred automatically.

Next item–Mr. Hasan A. Shaikh.

**Mr. Hasan A. Shaikh:** Mr. Chairman, I beg to move:

"that under sub-rule (1) of Rule 164 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, the time for presentation of the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, The Constitution (Ninth Amendment) Bill, 1985 , be extended for 30 days"

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر، جناب والا! میری ایک تحریک التواء آئی ہوئی ہے میز پر بھی رکھ دی گئی ہے۔ لیکن اس کو اس وقت پھر ملتوی کیا جارہا ہے۔

جناب چیئرمین : یہی رولز ہیں۔ ایک اگر ایڈ مٹ ہو جاتی ہے تو پھر باقی کو آئندہ کے لئے ملتوی کرنا پڑتا ہے۔

قاضی عبداللطیف : یہ اہم ترین تھی۔ جس طرح یہ دھماکے ہو رہے ہیں ملک اگر تباہ ہو جائے گا تو اس کے بعد اس پر بحث کرنے کا فائدہ کیا ہو گا۔

جناب چیئرمین : انشاء اللہ اتنی جلدی تباہ نہیں ہو گا۔ یہ بہت مضبوط ملک ہے۔

Would you like to give some reasons why do you want to postpone it ?

**Mr. Hasan A. Shaikh:** yes, Sir. Tow meetings have already been held. One had to be postponed because some members did not find it convenient to attend that and other was held on the 23rd and that went on and considered the clauses of the Bill. There were also requests from the women section of the Women's Associations that they may be heard before the recommendations are finalized. There are at least seven such requests and, therefore, it was ultimately decided by the Committee unanimously to seek one month further time for the purpose of presentation of the report.

**Mr. Chairman:** Thank you.

The motion is:

> "That under sub-rule (1) of Rule 164 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, the time for presentation of the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan to be called the Constitution (Ninth Amendment) Bill, 1985, be extended for 30 days".

Anybody is opposing it ? No.

Then the question is:

"That under sub-rule (1) of Rule 164 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, the time for presentation of the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan to be called the Constitution (Ninth Amendment) Bill, 1985, be extended for 30 days".

*(The Motion was carried)*

**Mr. Chariman:** The Motion is carried Next item.

جناب مقبول احمد خان: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ مجلس الفکر الاسلامی کی رپورٹ برائے 78-1977 کی سفارشات کو زیر غور لایا جائے۔

مولانا کوثر نیازی: پوائنٹ آف آرڈر سر۔ اسلامی مشاورتی کونسل کی رپورٹیں اس وقت قومی اسمبلی کے زیر غور ہیں اور وہاں ان پر بحث ہو رہی ہے کیا یہ مناسب نہیں ہو گا کہ ہم اس بحث کے نتیجے کا انتظار کر لیں کہ قومی اسمبلی ان پر کیا رائے قائم کرتی ہے اور پھر وہ رائے یہاں پیش ہو پھر اس پر بحث ہو۔ فرض کیجئے کہ دونوں ایوانوں کے نقطہ نظر میں اس وقت اتفاق رائے نہ ہو سکے تو پھر سارا عمل ازسرنو شروع کرنا پڑے گا کیا ممکن نہیں ہے کہ Debating Society ایوانوں کو بنانے کے بجائے ہم قومی اسمبلی کے out come کا انتظار کر لیں اگر ہمارے پاس کام نہیں ہے تو اسکے لئے ہمیں محض بحثا بحثی میں وقت ضائع نہیں کرنا چاہئے۔ جناب صدر نے ابھی فرمایا ہے کہ قومی اسمبلی میں کورم نہیں ہوتا اس لئے نہیں ہوتا جناب چیئرمین! کہ وہ جانتے ہیں کہ محض Debate ہے اسکا کوئی فائدہ نہیں ہو گا جب تک قومی اسمبلی میں ان رپورٹوں پر بحث مکمل نہیں ہو جاتی اور وہ کوئی رائے باقاعدہ قائم کر کے سینٹ کو نہیں بھیج دیتے اس وقت تک ہم اس مسئلہ کو Take up کرنے سے احتراز کریں۔

جناب چیئرمین: جناب اقبال احمد خان صاحب۔

جناب اقبال احمد خان: جناب چیئرمین! میں آپکی توجہ آئین کے آرٹیکل (۴) ۲۳۰ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔

[Mr. Iqbal Ahmad Khan]

This is at page 153 of the Constitution. Sir, it reads : "The Islamic Council shall submit its final report within seven years of its appointment, and shall submit an annual interim report. The report, whether interim or final, shall be laid for discussion before both Houses and each Provincial Assembly within six months of its receipt, and Majlis-Shoora (Parliament) and the Assembly, after considering the report, shall enact laws in respect there of within a period of two years of the final report".

جناب والا! اسمیں جو رپورٹوں کی discussion ہے یہ دونوں رپورٹوں پر دونوں ایوانوں نے کوئی فیصلہ نہیں دینا آئیڈیالوجی کونسل نے جو رپورٹ دی ہے اس پر دونوں ایوان even صوبائی اسمبلیاں بھی بحث کریں گی اور انکی بحث کی روشنی میں وہاں سے کوئی فیصلہ نہیں آنا جس کی منظوری ایک ہاؤس کے بعد دوسرے ہاؤس نے دینی ہے۔ اس کے پیچھے آئیڈیا یہ ہے کہ جب نظریاتی کونسل کی رپورٹ آتی ہے تو دونوں ایوان یا اسمبلیاں اس کو discuss کرتی ہیں اور ان کی discussion کی روشنی میں حکومت متعلقہ قوانین میں ردوبدل کا فیصلہ کرتی ہے۔ اس لئے جو قومی اسمبلی میں بحث ہے اس کا اثر اس ایوان پہ نہیں ہو گا۔ جو پہلے بحث ہو گی اس کا اس پر اثر نہیں پڑے گا۔ اور نہ ہی کسی صوبائی اسمبلی پر پڑے گا جو قوانین میں صوبائی دائرہ کار میں ہیں وہ صوبائی اسمبلی کی discussion کی روشنی میں تیار ہوں گے۔ جو مرکز کے دائرہ کار میں ہیں ان کے بارے میں ان دونوں ایوانوں کے اراکین کی بحث کی رائے کو مدنظر رکھتے ہوئے قانون سازی کی جائے گی اس لئے اس کی بیک وقت دونوں ایوانوں میں بحث پر کوئی بار نہیں ہے اور نہ اس کا adverse effect ہے۔ ہم زیادہ سے زیادہ اراکین کی آراء سے مستفید ہوں گے۔ اور پھر آئین میں دیئے گئے وقت کے اندر ہم ان مباحث کی روشنی میں ان رپورٹس کی سفارشات کے مطابق قانون سازی کے کام کو آگے بڑھائیں گے۔ اس لئے جو پوائنٹ آف آرڈر معزز سینٹر نے raise کیا ہے وہ درست نہیں ہے۔ شکریہ۔

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین! صرف آپ کی عنایت خسروانہ کے پیش نظر میں یہ کہنے کی جسارت کرتا ہوں کہ فرض کیجئے قومی اسمبلی اسلامی مشاورتی کونسل کی رپورٹوں میں پیش ہونے والی کسی بات کی تردید کرتی ہے اور کہتی ہے کہ یہ مناسب نہیں سینٹ یہ کہتی ہے کہ یہ مناسب ہے تو پھر حکومت کس ایوان کی رائے کو پیش نظر رکھ کر لاء بنائے گی؟

جناب اقبال احمد خان بسر! مجھے یہی عرض کرنا ہے کہ جو بھی قانون مرتب کیا جائے گا۔ اسے ان دونوں ایوانوں کے سامنے منظوری کے لئے پیش ہونا ہے۔ ہم تو ایک گائیڈ لائن لے رہے ہیں اور اس discussion کا یہی منشاء ہے اور ایک گزارش آپ کی اجازت کے ساتھ عرض کرنا چاہوں گا کہ یہ ارشاد فرمایا گیا ہے کہ ہاؤس کے پاس کام نہیں۔ یہ آئینی ذمہ داری ہے اور یہ بہت ہی ضروری اور اہم کام ہے اور جب کہ اس ایوان کے اندر اور ملک کے اندر اکثر اس بات کا انتظار ہوتا ہے کہ اسلامی قوانین کا نفاذ دیر سے کیوں ہوتا ہے اور کل بھی اس کا تذکرہ ہوا تو اس لئے یہ ازبس ضروری ہے کہ ہم صحیح طریقے سے اسلامی قوانین کو مرتب کریں ان کو رائج کرنے کے لئے جدوجہد بھی کریں اور عملی اقدامات بھی کریں۔ یہ ایک اہم آئینی ضرورت ہے، جو اس معزز ایوان نے پوری کرنی ہے اس لئے میں یہ گزارش کروں گا کہ ان پر اب بحث شروع کی جائے تاکہ ہم مزید اس سلسلے میں اقدامات کر سکیں اگر کوئی قانون پیش ہوتا ہے تو اس پر آپ اپنی رائے دے سکتے ہیں اس میں ردوبدل بھی کیا جا سکتا ہے۔

جناب محمد علی خان: جناب والا! وزیر عدل نے جو ابھی بیان دیا ہے اس میں لفظ Simultaneously نہیں ہے کہ یہ دونوں ایوان بیک وقت اس چیز پر بحث کریں کیونکہ پھر اس میں کافی تضاد ہو گا۔ اسی تضاد کے لئے پھر دوبارہ اس پہ غور ہو گا جس کا مطلب یہ ہو گا کہ duplication of work ہو گا لہذا جو پوائنٹ مولانا صاحب نے اٹھایا ہے یقیناً وہ درست ہے کیونکہ قومی اسمبلی کی بحث کے بعد اس پر یہاں پر بحث ہو گی اور جو انہوں نے کہا کہ اس کے خلاف وہاں کوئی چیز ہو یا ہم کہیں کہ یقیناً یہ ٹھیک ہے تو اس میں بہت زیادہ الجھاؤ پیدا ہو گا۔ لہذا انتظار کرنا چاہئے کہ وہاں بحث ختم ہو جائے اس کے بعد پھر یہاں اس ایوان میں بحث شروع کی جائے۔

قاضی عبداللطیف: میرا خیال ہے کہ جناب وزیر قانون صاحب نے اس کی جو پوزیشن واضح کر دی ہے تو اس سے یہ حقیقت واضح ہو گئی ہے کہ کون ہوں، کیا ہوں کہاں ہوں، سب حقیقت کھل گئی کہ وہ حکومت پر لازم تو ہے نہیں اور اسکو صرف بحث برائے بحث ہی کرنا ہے۔ تو اس سلسلے میں میرا خیال ہے کہ یہ ترتیب دینا کہ: پہلے ہو یا بعد ہو یا دونوں اکٹھے ہوں تو اسکی کوئی ضرورت نہیں رہتی اسلئے کہ اس وقت صرف اتنی بات ہے کہ دونوں ایوان اس پر اپنی رائے کا اظہار کر سکتے ہیں اسکے بعد حکومت اس پر اپنے قوانین مرتب کریگی اور میں سمجھتا ہوں کہ اسلامی قوانین بنانے کیلئے یہ جو راستہ متعین کیا گیا ہے یہ وہی ہے جو سالہا سال سے چل رہا ہے اور یہ

[Qazi Abdul Latif]

مایوس کن ہے اس طریقہ کار کو بدلنا چاہئے۔ اگر وہ ایک چیز حتمی طور پر پیش کر دیتے ہیں اور یہاں پر بھی وہ حتمی طور پر ہو جاتی ہے تو حکومت کو اس کا پابند ہونا چاہئے تھا کہ وہ اس پر لازمی طور پر عملدر آمد کرائے۔

جناب چیئرمین : شکریہ۔ میرا خیال ہے کہ یہ بحث کا موضوع نہیں ہے ایک پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا گیا ہے جس کا جواب وزیر انصاف صاحب نے دیا ہے غالباً میری رولنگ کا ہاؤس کو انتظار ہے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : میری آپ سے ایک گزارش ہے کہ اس وقت جو مولانا صاحب نے تجویز پیش کی ہے اس کی ہم اسلئے تائید کرتے ہیں کہ قومی اسمبلی اسلامی مشاورتی کونسل کے مواد پر بحث کرے اور اسکے بعد پھر اس ایوان میں بحث کروائیں۔ اس سے ایک تو وقت بچے گا اسکے علاوہ ہم اور بھی مسائل پیش کر سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین : شکریہ۔ جہاں تک اسکا تعلق ہے اسمیں میری اور آپکی رائے کا دخل نہیں ہے یہ آئینی تقاضا ہے اور آئین کے الفاظ میں دوبارہ سنا دیتا ہوں۔ اس پر خواہ وزیر اعظم صاحب نے کہا کہ Simultaneously ہو' یا یکے بعد دیگرے ہو اسکا بھی اس سے کوئی تعلق نہیں ہے' جو آئینی تقاضے ہیں وہی پورے کئے جائیں گے اور وہ ہے کہ

The Islamic Council shall submit its final report within 7 years of its appointment. آگے لفظ نوٹ کریں

And shall submit an annual interim report. The Report, whether interim or final, shall be laid for discussion for both Houses and each provincial Assembly.

This is mandatory.

ضروری ہے کہ It shall be laid for discussion یہاں پہ discussion کسی کی اپنی صوابدید Before both the Houses and each Provincial Assembly کا کام نہیں ہے جیسے وزیر انصاف صاحب نے فرمایا نہ صرف ان دو ایوانوں کو بلکہ صوبائی اسمبلیوں کو بھی جانا ہے۔

within six months of its receipt and the Majlis-Shoora (Parliament) and the Assembly after considering the report shall enact laws in respect thereof within a period of two years of the final report.

بہت سارے معاملات ایسے ہیں۔ ابھی جو ہم نے آدھ گھنٹہ یا ایک گھنٹہ تحریک استحقاق اور خاص طور پر تحریک التواء پر صرف کیا وہ صرف بحث تک ہی محدود تھا۔ لیکن اس پر جو سینٹ نے رائے دی اور اپنے خیالات کا اظہار کیا اسی سے ہی حکومت رہنمائی حاصل کرتی ہے اور اسی سے ہی آئندہ پالیسی بنتی ہے اور یہی تقاضا اسی کانسٹیٹیوشنل ریکوائرمنٹ کا ہے۔ تو دونوں جگہ بحث ہوگی جو نکات آئیں گے اس کو حکومت نوٹ کرے گی۔ یہ صرف حکومت تک نہیں ہے یہاں پر یہ بھی نہیں کہا گیا کہ گورنمنٹ قوانین وضع کرے گی۔ یہ صاف لکھا ہوا ہے کہ and the Assembly, after considering the report, Shall enact laws in respect thereof.

یہ تمام اظہار خیال اور آرا حکومت کے سامنے آئیں گی جن کی روشنی میں حکومت نے ایک قانون تشکیل دینا ہے جو دونوں ایوانوں میں پیش ہو گا۔ اس میں اگر اختلاف ہے تو پھر اس کے لئے طریقہ کار واضح ہے کہ جائنٹ سیشن ہو گا اور جائنٹ سٹنگ میں طریق کار کے مطابق عمل کیا جائے گا۔ میں معذرت سے کہوں گا کہ نہ اس میں میری کوئی صوابدید ہے اور نہ آپ صاحبان کی ہے۔ آئینی تقاضے ہیں جن کو پورا کرنا پڑے گا۔ لہٰذا بحث دونوں جگہ simultaneously چلے گی کہ رائے معلوم ہو سکے کہ اس میں اسمبلی اور سینٹ کی کیا رائے ہے۔

The Motion is:

"That the Report of the Council of Islamic Ideology for the year 1977-78, be discussed".

کسی نے oppose کرنا ہے یا نہیں کرنا؟

So, I think shall I put the question?

جو اس بحث میں حصہ لینا چاہتے ہیں وہ اپنے نام لکھوا دیں اور جس نے حکومت کی طرف سے بحث کا آغاز کرنا ہے وہ بھی اپنا نام لکھوا دے۔ مقبول احمد خان صاحب کرتے ہیں یا اقبال احمد خان صاحب کرتے ہیں۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: جناب والا! کم سے کم وہ بحث کا آغاز تو کریں۔

**Mr. Chairman:** The report was laid on the Table of the House...*(interruption)*.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: وزیروں کو زیادہ تنگ نہ کیا جائے۔

**Mr. Chairman:** How to initiate the debate?

**جناب اقبال احمد خان:** یہ بسم اللہ کر کے اپنی اپنی رائے دینا شروع کریں۔ کچھ اب دیں گے کچھ کل پرسوں جیسے بھی یہ سات رپورٹس ہیں ایک رپورٹ پر اپنا اظہار خیال فرمائیں گے جب وہ مکمل ہو جائے گی تو اس کے بعد دوسری رپورٹ پیش کر دیں گے۔ یہ ایک دن میں مکمل کرلیں دو دن میں کرلیں۔ ہم نے اسے کافی پہلے تقسیم کر دیا تھا اور معزز اراکین نے ان کا مطالعہ بھی فرمالیا ہو گا۔ اب اس پر اظہار خیال فرمائیں۔ اگر وہ سمجھتے ہیں کہ وہ آج تیار نہیں ہیں تو اس کو کل پر رکھ لیں۔ جو بھی ایوان کی رائے ہو اور آپ کی رائے ہو جناب۔

**جناب چیئرمین:** جو حضرات بولنا چاہتے ہیں وہ اب بھی بول سکتے ہیں اور اگر ملتوی کرنا چاہیں کہ بحث بعد میں شروع ہو تو یہ بھی آپ کر سکتے ہیں۔ I am in your hands.

**نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی:** جناب والا! بہتر ہو گا کہ سرکار کی طرف سے رپورٹ initiate کی جائے۔ اس کے بعد اس پر ہم اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

**جناب چیئرمین۔** رپورٹ تو تقسیم کی جا چکی ہے۔

It would not be justice to the report of the Council of Islamic Ideology. It is quite clear nobody can summerize it for you and that is why it was laid on the Table so earlier, so that Members may have an opportunity of studying that. But if you are not ready today, we can...*(interruption)*

اگر آج کوئی بولنے کے لئے تیار نہیں ہے تو یہی فیصلہ کرتے ہیں۔ کہ اگلی نشست میں اس پر بحث کی جائے۔ جناب میرداد خیل صاحب۔

**جناب عبدالرحیم میرداد خیل:** ہم بولیں گے۔ اگر آپ چار گھنٹے کہیں تو ہم چار گھنٹے بولنے کے لئے تیار ہیں۔ انشاء اللہ۔ لیکن بات یہ ہے کہ مذہبی امور کے وزیر کو بولنے کے لئے کم سے کم ان کو آج دس منٹ کے لئے تقریر تو کرنے دیں۔ یہ تقریر کریں تاکہ ہمیں پوری گائیڈ لائن مل سکے کہ یہ کس طرف جا رہے ہیں۔

**جناب مقبول احمد:** جناب عالی! اگر آپ دس گھنٹے بول سکتے ہیں تو میں بھی چوبیس گھنٹے بولنے کے لیئے تیار ہوں۔ کوئی ایسی بات نہیں ہے۔ آپ کو غلط فہمی ہے کہ ہم نہیں بول سکتے۔ ہم نے رپورٹس آپ کی خدمت میں پیش کر دی ہیں اب آپ کا کام ہے کہ اس پر بحث کریں۔

جناب چیئرمین : میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ ایوان آج اس پر بحث کرنے کے لئے تیار نہیں ہے۔ اس لئے اجلاس مورخہ ۲۹ جنوری شام چھ بجے تک کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے۔

---

*[The House adjourned to meet again at Six of the Clock in the evening, on Thusday, January, 1986].*

PCPPI–2300(86) Senate–13-1-87–300.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○

# SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

*Monday, January, 27th, 1986*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (State Bank Building), Islamabad, at half past ten of the clock, in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

*(RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN)*

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○

طٰهٰ ﴿۱﴾ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ﴿۲﴾ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ
يَّخْشٰى ﴿۳﴾ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ﴿۴﴾ اَلرَّحْمٰنُ
عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ﴿۵﴾ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَمَا
بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ﴿۶﴾ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ
السِّرَّ وَاَخْفٰى ﴿۷﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ﴿۸﴾

میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن اور رحیم ہے۔

ترجمہ طٰہٰ ○ اے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) ہم نے تم پر قرآن اس لئے نازل نہیں کیا کہ تم مشقت میں پڑ جاؤ۔ بلکہ اس شخص کو نصیحت دینے کے لئے نازل کیا ہے جو خوف رکھتا ہے۔ یہ اس ذات کا اتارا ہوا ہے جس نے زمین اور اونچے اونچے آسمان بنائے۔ وہ بے حد مہربان کائنات کی فرمانروائی کے تخت پر متمکن ہوا ہے یعنی خدائے رحمٰن جس نے عرش پر قرار پکڑا جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو کچھ ان دونوں کے بیچ میں ہے اور جو کچھ (زمین کی) مٹی کے نیچے ہے سب اسی کا ہے۔ اور اگر تم پکار کر بات کہو تو وہ تو چھپے بھید اور نہایت پوشیدہ بات تک کو جانتا ہے۔ اس کے لئے بڑے خوب صورت نام ہیں۔

"وآخر الدعونا ان الحمد للہ"